بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مسمّٰی بہ

مجموعہ صلوات الرسول ﷺ

جلد دوم ۷ تا ۱۲ پارے

حضرت خواجہ خواجگان خواجہ محمد عبد الرحمٰن صاحب رحمۃ اللہ علیہ

ساکن چھوہر شریف ضلع ہری پور
صوبہ سرحد پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

الحمد للہ والمنۃ

کہ دریں زمان سعادت اقتران بفضل

ایزد منان تحفہ عجائب و ہدیہ غرائب الی اللہ

مقبول بارگاہ شاہ کونین حضرت محمد رسول اللہ

مسمّٰی بہ

مجموعہ صلوات الرسول

الجزء السابع

فی اسمائہ وصفاتہ صلی اللہ علیہ وسلم

از تصنیف خادم مخلوق الملک السبحان خلیفہ حضرت شاہ جیلانی

حضرت خواجہ خواجگان خواجہ محمد عبدالرحمن صاحب

ساکن چھوہر شریف ضلع ہری پور
صوبۂ سرحد پاکستان

فہرست مجموعہ صلوات الرسول ﷺ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَسْمَآئِكَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِاَسْمَاءِ

اے اللہ بے شک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بطفیل تیرے اسماء کے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اور بطفیل تیرے حبیب کے

حَبِيْبِكَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِاَسْمَآءِ جَمِيْعِ اَنْبِيَآئِكَ

اسماء کے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم اور بطفیل تیرے تمام انبیاء و

وَرُسُلِكَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِاَسْمَآءِ عِبَادِكَ

رُسل کے اسماء کے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم اور بطفیل تیرے تمام نیک بندوں کے

الصَّالِحِيْنَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مُحَمَّدٍ ﷺ الْمُعْطِیْ بِذَاتِهٖ

اسماء کے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم جو کہ عطا کرنے والے ہیں اپنی ذات

وَصِفَاتِهٖ لِجَمِيْعِ خَلْقِ اللّٰهِ مَاسِوَى اللّٰهِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ

اور صفات کے طفیل تمام مخلوق خدا کو ماسوائے اللہ تعالیٰ کے۔ اللہ تعالیٰ کے نام سے آغاز ہے جو کہ رحمن

الرَّحِيْمِ ط اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ مٰلِكِ

رحیم ہے۔ تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جو پروردگار ہے تمام جہانوں کا۔ بہت رحم فرمانیوالا مہربان ہے۔ قیامت کے

يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ

دن کا مالک ہے۔ تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ سے ہی توفیق طلب کرتے ہیں۔ چلا ہمیں راہ

الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ

راست پر۔ راہ ان لوگوں کی جن پر تو نے انعام فرمایا نہ ان کی جن پر غضب کیا گیا ہے

عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ اَلْحَمْدُ لِمَنْ قَالَ لِاِظْهَارِ رُبُوْبِيَّتِهٖ

اور نہ گمراہوں کی۔ سب تعریفیں اس ذات کے لیے ہیں جس نے اپنی ربوبیت کے اظہار کیلئے

بِحَمْدِهٖ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ جَمِيْعِ الْعٰلَمِيْنَ لِكُلِّ مَاسِوَى اللّٰهِ

اپنی حمد کرنے کو کہا سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جو پروردگار ہے تمام جہانوں کا ماسوائے اپنی ذات کے

بِرِزْقِ رَازِقِ الرَّحْمٰنِ وَبِرَحْمِ مَغْفِرَةِ الرَّحِيْمِ مَالِكِ الظَّاهِرِ
ساتھ رزق دینے کے (ازروئے) رازق و رحمٰن ہونے کے۔ اور ساتھ رحم و مغفرت کے (ازروئے) رحیم ہونے کے۔ جو مالک ہے ظاہر

وَالْبَاطِنِ فِي الدُّنْيَا وَالدِّيْنِ يَوْمَ الدِّيْنِ بِاَحْسَنِ الْحُبِّ اَيْكَ
کا اور باطن کا دُنیا و آخرت میں، قیامت کے دن میں ساتھ خوبترین محبّت کے۔ تیری ہی

وَاَيْكَ اِيَّاكَ نَعْبُدُ لِاَنَّا نَحْنُ عِبَادُكَ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ فِي
تیری ہی، تیری ہی عبادت کرتے ہیں کیونکہ ہم تیرے ہی بندے ہیں۔ اور تجھ سے ہی توفیق طلب کرتے ہیں

الْاُمُوْرِ كُلِّهَا اَللّٰهُمَّ كَمَا صُنْتَ وُجُوْهَنَا اَنْ تَسْجُدَ لِغَيْرِكَ
تمام اُمور میں ۔ اے اللہ جیسے تو نے بچایا ہے ہمارے چہروں کو غیروں کے آگے سجدہ ریز ہونے سے

فَصُنْ اَيْدِيَنَا اَنْ تَمُدَّ لِلسُّؤَالِ اِلٰى غَيْرِكَ وَاَنْتَ اَنْتَ الْكَافِي وَ
پس (ایسے ہی) بچا ہمارے ہاتھوں کو کہ انھیں پھیلائیں سوال کے لیے تیرے علاوہ کسی کے سامنے۔ اور تو ہی کفایت کرنیوالا ہے اور

اَنْتَ اَنْتَ الْهَادِيْ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ بِالْاِسْتِقَامَةِ
تو ہی ہدایت دینے والا ہے۔ ہمیں چلا صراط مُستقیم پر ساتھ استقامت کے

اِلٰى ضَرْبِ سَبِيْلِكَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ وَهُوَ صِرَاطُ الْمُحِبِّيْنَ
واسطے اپنی راہ طے کرنے کے۔ راہ ان لوگوں کی جن پر تو نے انعام فرمایا اور وہ راستہ ہے محبّوں

وَالْمَحْبُوْبِيْنَ يُبَشِّرُهُمْ بِجَلْبِ حُبِّ اللّٰهِ وَاِطَاعَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ
اور محبوبوں کا۔ انھیں بشارت دیتا ہے اللہ تعالیٰ محبّت خداوند تعالیٰ کے حصول کی اور اطاعت رسول علیہ السلام کی

وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُبِكَ مِنْ كُرْبِكَ وَسَخَطِكَ وَ
اور نہ گمراہوں کے راستہ کی۔ اے اللہ بے شک ہم تیری پناہ طلب کرتے ہیں تیری رنجیدگی۔ ناراضگی اور

غَضَبِكَ اٰمِيْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝
غضب سے۔ آمین اے اللہ قبول فرما ہم سے بے شک تو ہی سُننے جاننے والا ہے

وَتُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ
اور ہم پر نظر رحمت فرما۔ بے شک تو ہی نظر رحمت فرمانے والا مہربانی کرنیوالا ہے۔ اے اللہ بے شک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

بِالْاَسْمَآءِ الَّتِيْ دَعَاكَ بِهَا اٰدَمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِيْ
بطفیل ان اسماء کے کہ دُعا کی ان کے ساتھ تجھ سے آدم علیہ السّلام نے اور بوسیلہ ان اسماء کے

دَعَاكَ بِهَا نُوْحٌ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِيْ دَعَاكَ بِهَا هُوْدُ
کہ دُعا کی تجھ سے نوح علیہ السّلام نے ان کے ساتھ اور بطفیل ان اسماء کے کہ جن کے ساتھ ہود

عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِيْ دَعَاكَ بِهَا اِبْرَاهِيْمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ
علیہ السّلام نے تجھ سے دُعا کی۔ اور بطفیل ان اسماء کے کہ ابراہیم علیہ السّلام نے ان کے ساتھ تجھ سے دُعا کی

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِيْ دَعَاكَ بِهَا صَالِحٌ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ
اور بتوسل ان اسماء کے کہ جن کے ساتھ تجھ سے دُعا کی صالح علیہ السّلام نے۔ اور بطفیل ان اسماء کے

الَّتِيْ دَعَاكَ بِهَا يَعْقُوْبُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِيْ دَعَاكَ
کہ ان کے ساتھ تجھ سے دُعا کی یعقوب علیہ السّلام نے۔ اور بطفیل ان اسماء کے کہ دُعا کی تجھ سے ان کے وسیلہ سے

بِهَا يُوْنُسُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِيْ دَعَاكَ بِهَا يُوْسُفُ
حضرت یونس علیہ السّلام نے ۔ اور بطفیل ان اسماء کے کہ دُعا کی تجھ سے ان کے وسیلہ سے یوسف

عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِيْ دَعَاكَ بِهَا مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ
علیہ السّلام نے۔ اور بطفیل ان اسماء کے کہ دُعا کی ان کے وسیلہ سے موسیٰ علیہ السّلام نے

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِيْ دَعَاكَ بِهَا هَارُوْنُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ
اور بطفیل ان اسماء کے کہ دُعا کی تجھ سے ان کے وسیلہ سے حضرت ہارون علیہ السّلام نے اور بطفیل ان اسماء کے

الَّتِيْ دَعَاكَ بِهَا شُعَيْبٌ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِيْ دَعَاكَ بِهَا
کہ جن کے وسیلہ سے تجھ سے شعیب علیہ السّلام نے دُعا کی اور بطفیل ان اسماء کے کہ جن کے وسیلہ سے دُعا کی تجھ سے

اَيُّوْبُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِيْ دَعَاكَ بِهَا اِسْمٰعِيْلُ عَلَيْهِ
ایوب علیہ السّلام نے ۔ اور بطفیل ان اسماء کے کہ دُعا کی ان کے توسل سے حضرت اسماعیل علیہ

السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِيْ دَعَاكَ بِهَا دَاوٗدُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ
السّلام نے۔ اور بطفیل ان اسماء کے کہ دُعا کی ان کے وسیلہ سے داؤد علیہ السّلام نے۔ اور بطفیل ان اسماء کے

الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سُلَيْمَانُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ

کے توسل کیا ان کے ساتھ دُعا میں سلیمان علیہ السلام نے اور بطفیل ان اسماء کے کہ جن کے توسل سے دُعا کی تجھ سے

بِهَا زَكَرِيَّا عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا يَحْيٰى عَلَيْهِ

زکریا علیہ السلام نے۔ اور بطفیل ان اسماء کے کہ جن کے توسل سے دُعا مانگی یحییٰ علیہ

السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا اَرْمِيَآءُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ

السلام نے۔ اور بطفیل ان اسماء کے کہ جن کے توسل سے دُعا مانگی تجھ سے ارمیاء علیہ السلام نے اور بطفیل ان اسماء کے

الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا شَعْيَآءُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا

کہ جن کے وسیلہ سے تجھ سے دُعا مانگی شعیاء علیہ السلام نے۔ اور بطفیل ان اسماء کے کہ جن کے وسیلہ سے تجھ سے دُعا

الْيَسَعُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا ذُوالْكِفْلِ عَلَيْهِ

کی یسع علیہ السلام نے۔ اور بطفیل ان اسماء کے کہ دُعا کی تجھ سے ان کے توسل سے ذوالکفل علیہ

السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا يُوْشَعُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ

السلام نے اور بطفیل ان اسماء کے کہ دُعا کی ان کے توسل سے یوشع علیہ السلام نے اور بطفیل ان اسماء کے

الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا اِلْيَاسُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ

کہ جن کے وسیلہ سے دعا مانگی تجھ سے الیاس علیہ السلام نے۔ اور بطفیل ان اسماء کے کہ جن کے توسل سے دُعا کی

بِهَا الْخَضِرُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا عِيْسٰى

تجھ سے خضر علیہ السلام نے اور بطفیل ان اسماء کے کہ جن کے توسل سے تجھ سے دُعا کی عیسیٰ

عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا خَيْرُ الْوَرٰى شَفِيْعُ

علیہ السلام نے۔ اور بطفیل ان اسماء کے کہ جن کے توسل سے تجھ سے دُعا کی خیر الورٰی شفیع

الْمُذْنِبِيْنَ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ

المذنبین محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ السلام نے۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ

صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کے

كَتَبَ اللّٰهُ اسْمَهٗ وَصِفَتَهٗ فِی التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالزَّبُوْرِ

نام اقدس اور صفات کو اللہ تعالےٰ نے لکھوایا تورات و انجیل اور زبور

وَالْقُرْاٰنِ الْكَرِيْمِ وَفِیْ مِائَةِ صَحِيْفَةٍ وَّرَقَمَ اللّٰهُ اسْمَهٗ فَوْقَ

و قرآن کریم میں اور سو صحیفوں میں۔ اور تحریر فرمایا اللہ تعالیٰ نے ان کے اسم گرامی کو

الْعَرْشِ قَبْلَ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِيْنَ وَغَيْرِهِمَا وَصَلِّ

عرش اعظم پر آسمانوں، زمینوں وغیرہ کی تخلیق سے قبل۔ اور درود بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ لَمَّا اهْتَزَّ الْعَرْشُ وَاضْطَرَبَ كُتِبَ

سیدنا محمد پر کہ جب لرزا عرش اعظم اور مضطرب ہوا تو اس محبوب کا نام نامی

عَلَيْهِ اسْمُهٗ فَسَكَنَ وَطَرِبَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْٓ

اس پر لکھا گیا پس اس کو سکون و قرار اور خوشی اور مسرت حاصل ہوگئی اور رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر کہ

اَوَّلُ مَا كَتَبَ الْقَلَمُ اسْمُهُ الْكَرِيْمُ وَاَعْلَنَ عَلَيْهِ بِالصَّلٰوةِ

سب سے پہلے قلم قدرت نے انھیں کے اسم کریم کو لکھا اور اعلان فرمایا ان پر صلواۃ

وَالتَّسْلِيْمِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ كَتَبَ اللّٰهُ اسْمَهٗ

و سلام بھیجنے کا اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ لکھا اللہ تعالےٰ نے ان کے لائق

الْمَنْعُوْتَ عَلٰى فُصُوْصِ اللُّؤْلُؤِ وَالْيَاقُوْتِ وَصَلِّ عَلٰى

نعت و توصیف اسم گرامی کو موتیوں اور یاقوت کے نگینوں پر۔ اور رحمت کاملہ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ كَتَبَ اللّٰهُ اسْمَهٗ فِی الْاَلْوَاحِ وَالْكُتُبِ

سیدنا محمد پر کہ جن کے نام مبارک کو اللہ تعالیٰ نے الواح اور کتب میں تحریر فرمایا

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ كَتَبَ اللّٰهُ اسْمَهٗ عَلٰٓى اَطْرَافِ

اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کے نام مقدس کو اللہ تعالیٰ نے حجابات عظمت کے

الْحُجُبِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ كَتَبَ اللّٰهُ اسْمَهٗ

اطراف پر تحریر فرمایا۔ اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کے نام مبارک کو اللہ تعالیٰ نے

عَلٰى نُحُوْرِ الْحُوْرِ الْعِيْنِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ كَتَبَ

حور عین کے سینوں پر نقش فرمایا۔ اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا نام نامی

اللّٰهُ اسْمَهٗ بَيْنَ اَعْيُنِ الْمَلٰٓئِكَةِ الْحَآفِّيْنَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

اللہ تعالیٰ نے نقش فرمایا ان ملائکہ کی آنکھوں میں جو عرش کے گرد گھیرا ڈالے ہوئے ہیں اور رحمت نازل فرما

مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ كَتَبَ اللّٰهُ اسْمَهٗ عَلٰى اَوْرَاقِ الْجِنَانِ وَصَلِّ

سیدنا محمد پر جن کا اسم گرامی اللہ تعالیٰ نے جنتوں کے پتوں پر لکھا۔ اور درود بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ كَتَبَ اللّٰهُ اسْمَهٗ عَلٰى وَرَقِ الْوَرْدِ

سیدنا محمد پر کہ جن کا نام مبارک اللہ تعالیٰ نے گلاب اور ریحان کی پنیوں

وَالرَّيْحَانِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ كَتَبَ اللّٰهُ اسْمَهٗ

پر لکھا اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کا نام مبارک اللہ تعالیٰ نے لکھا

عَلٰى لِسَانِ الْقَلَمِ الْمَنْصُوْبِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ

نصب کی ہوئی قلم قدرت کی زبان پر۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ

كَتَبَ اللّٰهُ اسْمَهٗ عَلٰى قُنَّةِ اللَّوْحِ الْمَحْفُوْظِ الْمَكْتُوْبِ وَصَلِّ عَلٰى

تحریر فرمایا اللہ تعالیٰ نے ان کا نام لوح محفوظ مکتوب کے بلند تر حصہ پر اور صلواۃ بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ كَتَبَ اللّٰهُ اسْمَهٗ عَلٰى وَرَقِ شَجَرَةِ طُوْبٰى

سیدنا محمد پر کہ جن کا اسم گرامی اللہ تعالیٰ نے تحریر فرمایا شجرۂ طوبیٰ کے پتوں پر

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ كَتَبَ اللّٰهُ اسْمَهٗ عَلٰى وَرَقِ

اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا نام مقدس اللہ تعالےٰ نے لکھا

سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ كَتَبَ اللّٰهُ اسْمَهٗ

سدرۃ المنتہیٰ کے پتوں پر۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کا اسم گرامی اللہ تعالیٰ نے تحریر فرمایا

عَلٰى مَفَارِقِ تِيْجَانِ النُّوْرِ وَالْبَهَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اسْمُهٗ

تاجہائے نور و حسن کی چوٹیوں پر۔ اور رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا اسم گرامی

مَكْتُوْبٌ عَلَى الْغُرُفَاتِ وَالْقُصُوْرِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ

مکتوب ہے (جنت کے) بالا خانوں اور محلات پر اور رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا

اسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ عَلٰى قِبَابِ الْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

اسم شریف بیت المعمور کے قبہ جات پر مرقوم ہے۔ اور رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر

الَّذِىْ اسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ عَلٰى فَنَنِ الْاَغْصَانِ وَالْاَشْجَارِ وَصَلِّ

کہ جن کا اسم گرامی مرقوم ہے سیدھی شاخوں اور درختوں پر۔ اور رحمت نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ عَلٰى طِرَازِ الْاَحْجَارِ وَالْاَنْهَارِ

سیدنا محمد پر کہ جن کا اسم مبارک مرقوم ہے (جنتی) پتھروں اور نہروں کے نقش و نگاروں میں

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ فِىْ دِيْوَانِ

اور رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا اسم مقدس لکھا ہوا ہے ابدی مخلوق کے دیوان

الْمُؤَبَّدِيْنَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ عَلٰٓى

میں۔ اور رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا نام مقدس لکھا ہوا ہے

اَطْرَافِ خِيَامِ اَهْلِ عِلِّيِّيْنَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اسْمُهٗ

اہل علیین کے خیموں کے اطراف پر۔ اور رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا اسم گرامی مرقوم ہے

مَكْتُوْبٌ عَلٰى خَاتَمِ سُلَيْمَانَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی پر۔ اور رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا نام

الَّذِىْ اسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ عَلٰٓى اَكْنَافِ الْخِيَامِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

مقدس مرقوم ہے (جنتی) خیموں کے اطراف پر۔ اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر

الَّذِىْ اسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ عَلٰى خَاتَمِ اِبْرَاهِيْمَ الْخَلِيْلِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

جن کا اسم گرامی مرقوم ہے ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کی انگوٹھی پر۔ اور رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر

مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ عَلٰى خَاتَمِ دَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَاِسْمٰعِيْلَ

جن کا اسم شریف مرقوم ہے حضرت داؤد اور حضرت اسماعیل علیہما السلام کی انگوٹھیوں پر

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ عَلٰى جَانِبِ السَّفِيْنَةِ

اور رحمت نازل فرما سیّدنا محمّد پر جن کا اسم شریف مرقوم ہے کشتی (نوح) کے کنارے پر

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ فِىْ لَوْحٍ مِّنْ ذَهَبٍ

اور رحمت نازل فرما سیّدنا محمّد پر جن کا اسم شریف مرقوم ہے سونے کی تختی پر

تَحْتَ الْجِدَارِ لِغُلَامَيْنِ يَتِيْمَيْنِ فِى الْمَدِيْنَةِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

دو یتیم بچوں کی دیوار کے نیچے جو شہر کے اندر تھی۔ اور رحمت نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ بِالنُّوْرِ الْاَحْمَرِ عَلٰى شَاطِئِ الْفُرَاتِ

محمّد پر جن کا نام نامی مکتوب ہے سرخ نور کے ساتھ بہت میٹھے اور کثیر پانی والے دریا کے

الْكَوْثَرِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ بِالنُّوْرِ

کنارے پر۔ اور رحمت نازل فرما سیّدنا محمّد پر جن کا نام مقدس لکھا ہوا ہے نور کے ساتھ

فِى التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالزَّبُوْرِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

تورات و انجیل اور زبور میں۔ اور رحمت نازل فرما سیّدنا محمّد پر

الَّذِىْ اسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ عَلٰى جَبِيْنِ مَلَكِ الْمَوْتِ وَصَلِّ

جن کا نام مقدس لکھا ہوا ہے ملک الموت کی جبین پر۔ اور رحمت نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ بِالْقَلَمِ الْمُنِيْرِ عَلٰى

فرما سیّدنا محمّد پر جن کا نام نامی مکتوب ہے نورانی قلم کے ساتھ

مُنْكَرٍ وَّنَكِيْرٍ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ

منکر اور نکیر پر اور رحمت نازل فرما سیّدنا محمّد پر جن کا اسم مبارک لکھا ہوا ہے

عَلٰى جُيُوْبِ حُلَلِ السُّنْدُسِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ

باریک ونفیس جنتی لباس کے گریبانوں پر۔ اور رحمت نازل فرما سیّدنا محمّد پر جن کا

اسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ عَلٰى اَبْوَابِ حَظَائِرِ الْقُدُسِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

نام مبارک لکھا ہوا ہے جنّتوں کے دروازوں پر۔ اور رحمت نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ عَلٰى كُلِّ عَلَمٍ فِى الْجَنَّةِ وَصَلِّ عَلٰى

محمّد پر جن کا اسم مبارک لکھا ہوا ہے جنّت کے ہر پرچم پر۔ اور رحمت نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ كَانَ الْاِسْرَآءُ بِهٖ فِىْ رَجَبَ قَبْلَ الْهِجْرَةِ بِسَنَةٍ

سیّدنا محمّد پر کہ جن کا اسراء (معراج) رجب میں واقع ہوا ہجرت سے ایک سال پہلے

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِى اصْطَفَاهُ اللّٰهُ مِنْ وُّلْدِ

اور رحمت نازل فرما سیّدنا محمّد پر جنہیں اللہ تعالیٰ نے چن لیا ہے حضرت اسماعیل علیہ السّلام کی

اِسْمٰعِيْلَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ

اولاد سے۔ اور رحمت نازل فرما سیّدنا محمّد پر جن کا اسم مبارک لکھا ہوا ہے

عَلٰى جَبْهَةِ جِبْرَآئِيْلَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ عَلَّمَهُ

جبرئیل علیہ السلام کی پیشانی پر۔ اور رحمت نازل فرما سیّدنا محمّد پر کہ جنہیں اللہ تعالیٰ

اللّٰهُ الْاَسْمَآءَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ

تعلیم دی تمام اسماء کی (مانند آدم علیہ السلام کے) اور رحمت نازل فرما سیّدنا محمّد پر جن کا اسم گرامی مرقوم ہے

عَلٰى بَابِ كُلِّ سَمَآءٍ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اسْمُهٗ

ہر آسمان کے ہر دروازے پر اور رحمت نازل فرما سیّدنا محمّد پر جن کا اسم شریف

مَكْتُوْبٌ عَلٰى بَابِ جَنَّةِ الْمَاْوٰى وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

مکتوب ہے جنّت الماویٰ کے دروازے پر اور رحمت نازل فرما سیّدنا محمّد پر

الَّذِىْ عُنِىَ الْمَعْنِىُّ بِقَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ فِىْ مُحْكَمِ التَّنْزِيْلِ

جو مصداق ہیں اللہ تعالیٰ کے اس قول کا جو وارد ہے محکم تنزیل میں۔

(اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِىَّ الْاُمِّىَّ الَّذِىْ يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا

جو لوگ اتباع کرتے ہیں رسول، نبی اُمّی کی جن (کے اوصاف وکمالات اور حلیہ وشکل) کو لکھا ہوا پاتے ہیں

عِنْدَهُمْ فِى التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ) وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

اپنے ہاں تورات و انجیل میں" اور رحمت نازل فرما سیّدنا محمّد پر کہ

اَلَّذِیْ مَکْتُوْبٌ عَلَیْہِ اَفْضَلُ الصَّلٰوۃِ وَاَزْکَی السَّلَامِ مِنْ قَبْلِ اَنْ

جن پر افضل صلوات اور پاکیزہ ترین تسلیمات مکتوب ہیں جبرئیل علیہ السلام کی

یُّخْلَقَ جِبْرَآئِیْلُ بِاَلْفَیْ عَامٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

تخلیق سے بھی دو ہزار سال قبل ۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور

عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْاَسْمَآءِ الْعِظَامِ وَالصِّفَاتِ الْکِرَامِ

آپ کی آل پر جو محبوب موسوم ہیں عظیم اسماء کے ساتھ اور موصوف ہیں صفات جلیلہ کے ساتھ

بِاَسْمَآءِ اللّٰہِ وَصِفَاتِہٖ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی

یعنی ساتھ اسماء باری تعالیٰ اور اس کے صفات کے (بطور ظل وعکس اور مظہریت کے) اور صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْجَامِعِ لِمَرَاتِبِ الذَّاتِ وَالصِّفَاتِ وَالْاَسْمَآءِ

اور آپ کی آل پر جو محبوب جامع ہیں مراتب ذات و صفات اور اسماء کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جو محبوب

اَلَّذِیْ بِذَاتِہٖ وَصِفَاتِہٖ مَعَ کِنَایَۃٍ وَّصَرَاحَۃٍ فِی اللّٰہِ مَلَاذٌ وَّلَا

اپنی ذات اور صفات کے ذریعے بطور کنایہ ثابت ہیں خواہ بطور صراحت اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پناہ خلائق ہیں اور آپ کے

مَلَاذٌ وَّلَا مَلَذٌّ وَھُوَ صَاحِبُ الْاَسْمَآءِ کَالْاَسْمَآءِ الْحُسْنٰی بِمُؤَثِّرَۃٍ ط

علاوہ دوسری جائے پناہ نہیں اور نہ جائے فرار۔ وہ مالک ہیں اسماء کے مانند اسماء حسنیٰ الٰہیہ کے تاثیر میں

وَالصِّفَاتِ کَصِفَاتِ ذَاتِ الْعُلٰی بِمَغْفِرَۃٍ وَّرَحْمَۃٍ وَّبَرَکَۃٍ ط وَ

اور مالک ہیں صفات کے جو مانند صفاتِ جل و علیٰ کے ہیں باعتبار مغفرت اور رحمت اور برکت کے موجب ہونے کے

اَسْئَلُکَ بِالْاِسْمِ الَّذِیْ فَتَحْتَ بِہٖ عَالَمَ الْاَمْرِ وَالْخَلْقِ یُسْرًا

اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اس اسم کے وسیلہ سے جس کے ساتھ تو نے آغاز کیا عالم امر اور خلق کا تیسیر و سہولت کا

لِتَجَلِّی الْحَقِّ الْمُظْھَرِ بِسَبَبِ التَّنْزِیْلِ وَالْمُتَعَالِ اَمْرًا وَّ وُجُوْدًا

واسطے تحمل تجلی حق کے جس کو ظاہر کیا گیا ہے بسبب تنزیل کتاب کے اور (وہ فی الحقیقت) بالاتر ہے از روئے امر و وجود کے

وَّبُطُوْنًا وَّمَعْقُوْلًا ذٰلِکَ حِسًّا لِّمَنْ اَیَّدْتَّ بَلْ مَعْلُوْمًا لِّمَنْ

اور بطون وخفاء اور معقولیت کے (وہ تجلی) محسوس ہے جس کو تو نے قوت بخشی ہے بلکہ قطعی طور پر معلوم ہے اسے جس کو تو نے

اَشْھَدْتَّ مَجْھُوْلًا لِّمَنْ شِئْتَ مَا تَشَابَہَ مِنْہُ لَا تَقْدَحُ فِیْ وَحْدَۃِ

مشاہدہ کرایا۔ مجہول ہے اس کے لیے جس کے حق میں تو نے چاہا مجہول رکھنا۔ جو اس سے متشابہ ہے نہیں نقصان پیدا کرتی

مَآ اَحْکَمْتَ مِنَ الْحِکْمَۃِ یَا کَافِلُ یَا کَفِیْلُ یَا کَافِیْ یَا وَفِیُّ اَعْطِنِیْ

اس حکمت کی وحدت میں جس کے مستحکم کرنے کا تو نے ارادہ فرمایا۔ اے کافل۔ اے کفیل۔ اے کافی۔ اے وافی مجھے عطا فرما

حِفْظًا فِی الدَّارَیْنِ وَعِزًّا فِی الْکَوْنَیْنِ بِاسْمِکَ الْاَعْظَمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

حفظ و امان دونوں جہان میں اور عزو جاہ دنیا و آخرت میں بطفیل اپنے اسم اعظم کے۔ اے اللہ رحمت کاملہ

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْٓ اِنْتَظَمَ

نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر کہ مرتبط فرما دیا ہے اللہ تعالیٰ

اللّٰہُ بِاسْمِہٖ وَاسْمِ حَبِیْبِہٖ بَقَآءَ الْاَسْمَآءِ وَالصِّفَاتِ لِکُلِّ خَلْقٍ

نے اپنے اسم اور اپنے حبیب کے اسم کے ساتھ تمام مخلوق کے اسماء وصفات کی

اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ مِدَادُ حُرُوْفِہٖ

بقاء و دوام کو۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیدنا محمدؐ پر کہ جن کے اسم گرامی کے حروف کی روشنائی

مِنْ نُّوْرِ ذَاتِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ

اللہ تعالیٰ کے نور ذات سے ہے۔ اے اللہ صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ جن کی

مِدَادُ شَکْلِہٖ مِنْ کُنُوْزِ مَکْنُوْنِ سِرِّ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

شکل و تصویر کی روشنائی اللہ تعالیٰ کے مخفی راز کے خزائن سے ہے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ ھَمْزَۃِ اَلِفِ الْبِدَایَاتِ وَالْغَایَاتِ اُلْفَۃً

سیدنا محمدؐ پر جو ہمزہ ہیں بدایات اور غایات کی الف کا از روئے الفت کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بَآءِ بُرْھَانِ الدَّلَالَاتِ

اے اللہ رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جو باء ہیں نہایات کی دلالتوں کے برہان کی

النِّهَايَاتِ بَرَكَةً اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ تَآءِ تَكْوِيْنِ

ازروئے برکت کے۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر جو مخلوقات کی ایجاد و تکوین کی تاء ہیں

الْمُكَوَّنَاتِ تَوْبَةً اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ثَآءِ ثَوَابِ

ازروئے نگاہ لطف کے۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمدؐ پر جو ثاء ہیں اعمال صالحہ کے

الْاَعْمَالِ الصَّالِحَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ جِيْمِ لِجَنَا

ثواب کی۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر جو جیم ہیں واسطے دونوں

الْجَنَّتَيْنِ جَمَالًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَآءِ حِكْمَةٍ

جنتوں کے جنا یعنی چننے کے لائق میوہ جات کی ازروئے جمال کے۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر جو حکمت کی حاء ہیں

بِحِمَايَةِ الدُّنْيَا وَالدِّيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَآءِ

بسبب دنیا و دین کی حمایت کے۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر جو کہ خاء ہیں

خَيْرٍ بِخِتَامِ الْخَيْرَاتِ وَالْخِيَرَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

خیر کی بسبب خاتم ہونے کے واسطے خیرات و اختیارات کے۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر

دَالِ دَلِيْلِ النَّجَاتِ وَالْمُنْجِيَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

جو دال ہیں نجات اور نجات دلانے والے امور کی دلیل کی۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر

ذَالِ ذُرْوِ الْمَعَالِيْ وَالْمُتَعَالِيْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ رَآءِ

جو ذال ہیں معالی اور بلند مرتبت مخلوق کے ذروہ (بلندی) کی۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر جو راء

رَحْمَةٍ بِرَوَاجِ الشَّرَفِ الْعَالِيْ وَالْمَعَالِيْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

رحمت ہیں بسبب رائج کرنے شرف عالی کے اور بلند مراتب کے (اسباب کے)، اے اللہ رحمت نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ زَآءِ زَكٰوةٍ بِزَهْرَةِ السَّنَآءِ وَالْاَسْنَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

محمدؐ پر جو زاء ہیں زکواۃ، یعنی نشوونما کی بسبب چمک کی زینت ہونے کے اور عقدہ کشائیوں کے۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ سِيْنِ سَعَادَةٍ بِسَعَةِ الْمَحَبَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

محمدؐ پر جو سین سعادت ہیں بسبب وسعت محبّت کے۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر

شِيْنِ شِفَآءٍ بِشَرَفِ الشَّرَافَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

جو شین شفاء ہیں بسبب شرف شرافت کے۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر جو

صَادِ صِدْقٍ بِصَرْحِ الصَّرَاحِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ضَادِ

صادِ صدق ہیں صراحت کے بلند محل میں۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر جو ضاد ہیں

ضَوْءٍ وَّضِيَآءٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ طَآءِ طَرَاوَةٍ بِطِرَازِ

ضوء اور ضیاء کے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر جو طراوت و تازگی کی طاء ہیں بسبب اعلیٰ

النُّوْرِ الْاَسْنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ظَآءِ ظَفَرٍ بِظُهُوْرِ

نورانی نگارش کے۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر جو ظاء ظفر ہیں بسبب ظہور

الْاٰيَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَيْنِ عِلْمٍ لَّدُنِّيٍّ نَّافِعٍ

آیات کے۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر جو عین ہیں علم لدنی نافع کی بمع دیگر

مَّعَ الْكَمَالَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ غَيْنِ غِنًى

کمالات کے۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر جو غناء کی غین ہیں

بِالْمَغْفِرَةِ وَالْغُفْرَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فَآءِ

بمع مغفرت اور غفران کے۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر جو فاء ہیں

فَوْزٍ عَظِيْمٍ بِفَوْزِ الرَّحْمٰنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

فوز عظیم کی بمع فوز عظیم کی بمع فوز و کمالِ رحمٰن کے۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر

قَافِ قُرْبَةٍ وَّقَرَابَةٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَافِ كَافِيْ

جو قاف ہیں قربت و قرابت کی۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر جو کاف ہیں کافی کا

بِاِكْرَامِ الْكَرِيْمِ كَرَامَةً اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ لَامِ لَوَامِعِ

بمع کریم کے اکرام کرامت نشان کے۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر جو لام ہیں انوارِ لوامع

الْاَنْوَارِ بِلُطْفِ لَطَآئِفِ اللَّطِيْفِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

(چمکنے والے) کا لطیف کے لطائف کے لطف سے۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر

مِیْمٍ مَوَادِّ الْاَسْرَارِ الْمُقَرَّفِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
جو میم ہیں اسرار کے نمایاں اور غیر مستور مواد کے ۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر

نُوْنِ نُوْرٍ بِنَعِیْمِ الْاَبْرَارِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاوِ
جو نون ہیں نور کے بمع نعیم ابرار کے ۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جو وصلت کی واؤ

وُصْلَةٍ بِوِصَالِ وَصْلِ الْاَحْبَابِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
ہیں بمع وصل احباب کے وصال کے ۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر

ھَآءِ ھِدَایَةٍ بِھِدَایَاتِ اُوْلِی الْاَلْبَابِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا
جو ہاء ہیں ہدایت مطلقہ کے بمع اہل عقول خالصہ کی ہدایات کے ۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ لَامِ اَلِفِ الْاَسْبَابِ الْمُوْصِلَةِ اِلٰی مَعْرِفَةِ رَبِّ الْاَرْبَابِ
محمد پر جو لام ہیں اسباب کی الف کا جو اسباب کہ پہنچانے والے ہیں رب الارباب کی معرفت تک۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ یَّآءِ یَدِ الْاِنْعَامِ السَّامِیَةِ مِنْ ذِی
اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو یاء ہیں اللہ ذوالجلال والاکرام کے انعام والے

الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ وَیَقِیْنِ صَادِقٍ مُّصَدُّوْقٍ بِیَقِیْنِ الْحَالِ وَصِدْقِ
بلند مرتبت ید (ہاتھ) کی۔ اور یقین صادق و مصدوق کی بمع حال کے یقین اور کمال

الْکَمَالِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
صدق کے ۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ

کَتَبْتَ اِسْمَهٗ عَلَی الْعَرْشِ مَعَ اِسْمِهٖ وَرَفَعْتَ ذِکْرَهٗ مَعَ ذِکْرِهٖ
جس محبوب کا نام تحریر فرمایا عرش پر اپنے نام کے ساتھ اور بلند کیا تو نے آپکے ذکر کو ساتھ اپنے ذکر کے

اَللّٰھُمَّ اَجِبْ سُؤَالِیْ بِحُرْمَتِهٖ وَبِعَظَمَةِ ذَاتِهٖ وَصِفَاتِهٖ وَاَسْمَآئِهٖ
اے اللہ میرے سوال کو پورا فرما بطفیل ان کی حرمت اور عظمت ذات کے ۔اور ان کے صفات و اسماء کے

وَاَجْلَآئِهٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ ن
اور ان کے جلووں کے ۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

السَّنِیِّ الْاَسْمَآءِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا
جو محبوب کہ بلند مرتبت اسماء والے ہیں ۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدٍ طَهَّرَ اللّٰهُ اِسْمَهٗ وَشَرَّفَ اِسْمَهٗ وَکَرَّمَ اِسْمَهٗ وَاَسْئَلُكَ
کہ جس محبوب کے اسم مقدس کو اللہ تعالیٰ نے طاہر بنایا اور مشرف و مکرم بنایا اور میں سوال کرتا ہوں

بِاَسْمَآئِكَ الْحُسْنٰی وَصِفَاتِكَ الْعُلْیَا وَبِنِعَمِكَ الَّتِیْ لَا تُحْصٰی
تیرے اسماء حسنیٰ اور بلند شان صفات کے طفیل ۔ اور تیری ان گنت نعمتوں کے صدقے میں

وَبِاَکْرَمِ اَسْمَآئِكَ عَلَیْكَ وَاَحَبِّهَا اِلَیْكَ وَبِاَسْمَآئِكَ الْمَکْنُوْنَةِ
تیرے انتہائی کرامت والے اور محبوب ترین نام کے طفیل اور ان اسماء کے طفیل جو مخفی و مستور

الْمَخْزُوْنَةِ الْجَلِیْلَةِ وَبِاسْمِكَ الْاَجَلِّ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ وَبِکُلِّ اِسْمٍ
بھی ہیں اور جلیل بھی اور بطفیل تیرے اس اسم کے جو اجل عظیم و اعظم ہے اور تیرے ہر اس اسم کے طفیل

هُوَ لَكَ فِی التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِیْلِ وَالزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ وَبِکُلِّ اِسْمٍ هُوَ
جو تورات ۔ انجیل ۔ زبور اور فرقان میں ہے اور تیرے ہر اس اسم کے طفیل جو تو نے

لَكَ عَلَّمْتَهٗ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ اَوْلَمْ تُعَلِّمْهُ اَحَدًا وَبِکُلِّ اِسْمٍ
اپنی مخلوق میں سے کسی کو بھی سکھلایا ۔ اور جو کسی کو بھی نہیں بتلایا ۔ اور بطفیل ہر اس نام کے کہ

دَعَاكَ بِهٖ حَمَلَةُ عَرْشِكَ وَمَلٰٓئِکَتُكَ وَاَصْفِیَآئُكَ وَاَنْبِیَآئُكَ
دعا کی تجھ سے ساتھ اس کے تیرے حاملین عرش اور تمام ملائکہ اور مخلوق میں سے

مِنْ خَلْقِكَ وَبِحَقِّ الْاِسْمِ الْاَعْظَمِ الَّذِیْ هُوَ مِنْ کُلِّ الْاَعْظَمِ
اصفیاء و انبیاء نے ۔ اور بطفیل اسم اعظم کے حق کے جو ہر عظمت والے نام سے

اَعْظَمُ وَبِاسْمِ اللّٰهِ وَاسْمِ ذَاتِهٖ وَصِفَاتِهٖ وَبِاسْمِ حَبِیْبِهٖ مُحَمَّدٍ
عظیم تر ہے ۔ اور بطفیل اللہ تعالیٰ کے اسم اور اس کے اسم ذات و اسم صفات کے ۔ اور بطفیل اس کے حبیب محمد

صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰھُمَّ یَا کَثِیْرَ النَّوَالِ وَیَا دَآئِمَ الْوِصَالِ
صلی اللہ علیہ وسلم کے اسم کے ۔ اے اللہ بہت عطا کرنے والے ، اے ہمیشہ کے لیے شرف وصل بخشنے والے

وياحسن الفعال ويا رازق العباد على كل حال ويا بديع

اے خوبترین افعال والے ۔ اے بندوں کو ہر حال میں رزق دینے والے ۔ اے ایجاد کرنے والے

بلا مثال ويا باقي بلا زوال ويا راحم بلا وبال نجنا من الشرك

بغیر مثال اور نمونہ سابقہ کے ۔ اے ہمیشہ باقی رہنے والے ۔ اے رحم فرمانے والے بغیر بوجھ اور مشقت ڈالے ۔ ہمیں کفر و شرک

والكفر والضلال بحق شرف محمد ووصف محمد وشغف

اور گمراہی سے نجات دے بطفیل حق محمد کریم کے شرف کے اور ان کے وصف اور ان کی

محمد صلى الله عليه وسلم اللهم صل وسلم على سيدنا محمد

راسخ محبت کے ۔ صلی اللہ علیہ وسلم ۔ اے اللہ رحمت و سلامتی نازل فرما سیدنا محمد پر

وعلى ال سيدنا محمد ابي القاسم والارامل والمؤمنين اللهم

اور آپ کی آل پر جو آقا کہ حضرت قاسم کے باپ ہیں اور بیوگان اور تمام اہل ایمان کے ۔ اے اللہ

صل وسلم على سيدنا محمد وعلى ال سيدنا محمد الابطحي

صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو آقا کہ بطحاء مکہ والے

الابلج الابيض اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى ال

اور روشن چہرے اور سفید رنگت والے ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

سيدنا محمد اتقى الناس واجود الناس اللهم صل وسلم

پر جو آقا کہ سب سے زیادہ پرہیزگار اور سب سے زیادہ سخی ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

على سيدنا محمد وعلى ال سيدنا محمد الاجل الاجود

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو آقا بہت بڑی جلالت والے اور بہت زیادہ صاحب جود ہیں

الاجير اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى ال سيدنا

اور اجر دینے والے ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی

محمد وعلى وصفه في الاوصاف ونعته في النعوت وصفته

آل پر اور آپ کے ہر وصف پر اوصاف میں اور ہر نعت پر نعتوں میں اور ہر صفت پر

في الصفات اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى ال سيدنا

صفات میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

محمد الاحسن واحسن الناس اللهم صل وسلم على سيدنا

پر جو محبوب بذاتِ خود اعلیٰ حسن والے ہیں اور سب لوگوں سے حسین تر ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا

محمد وعلى ال سيدنا محمد الاحشم الاخوناخ الاخير اللهم

محمد پر اور آپ کی آل پر جو آقا بہت بڑی حشمت والے ہیں ۔ اخوناخ آخرالزمان ہیں ۔ اے اللہ

صل وسلم على سيدنا محمد وعلى ال سيدنا محمد الادعج

رحمت و سلامتی نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب کے بہت سیاہ اور موٹی آنکھوں والے

الادوم الازج اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى ال

سیدھی قامت والے ۔ باریک ابروؤں والے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

سيدنا محمد الارجح وارجح الناس عقلا اللهم صل و

پر جو بذات خود وزنی شخصیت ہیں اور سب سے زیادہ وزنی بھی ہیں ازروئے عقلمندی کے ۔ اے اللہ رحمت و

سلم على سيدنا محمد وعلى ال سيدنا محمد الارحم وارحم

سلامتی نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو بہت رحم کرنے والے ہیں اور سب سے زیادہ

الناس بالعباد اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى ال

رحمت والے ہیں بندوں پر ۔ اے اللہ رحمت و سلامتی نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

سيدنا محمد هو اذن خير اللهم صل وسلم على سيدنا محمد

آل پر جو آقا سراسر کان ہیں بھلائی کی باتوں کے لیے ۔ اے اللہ رحمت و سلامتی نازل فرما سیدنا محمد پر

وعلى ال سيدنا محمد الازكى الازهر الاسد اللهم صل وسلم

اور آپ کی آل پر جو آقا بہت پاکیزہ ، روشن تر اور ثابت قدمی والے ہیں ۔ اے اللہ رحمت و سلامتی نازل فرما

على سيدنا محمد وعلى ال سيدنا محمد اسلم الناس واشجع

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو آقا سب سے زیادہ صلح جو ہیں اور سب سے

اَلنَّاسِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

شجاع۔ اے اللہ رحمت و سلامتی نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدِ ۨالْاَشَدِّ حَيَآءً مِّنَ الْعَذْرَآءِ فِىْ خِدْرِهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

جو آقا کہ زیادہ شرمیلے ہیں کنواری لڑکیوں سے ان کے کنوارے پن میں۔ اے اللہ رحمت وسلامتی نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالْاَسْلَمِ الْاَشْنَبِ

سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جو آقا بہت دور ہیں عیوب سے۔ روشن چمکیلے دانتوں والے

الْاَطْيَبِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

اور بہت پاکیزہ۔ اے اللہ رحمت و سلامتی نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدٍ اَصْدَقِ النَّاسِ لَهْجَةً اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

جو آقا سب سے زیادہ سچے ہیں ازروئے گفتگو کے۔ اے اللہ رحمت و سلامتی نازل فرما سیّدنا محمّد

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَطْيَبِ النَّاسِ رِيْحًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ

پر اور آپ کی آل پر جو آقا سب سے پاکیزہ ہیں ازروئے نکہت کے۔ اے اللہ رحمت

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالْاَعَزِّ الْاَعْظَمِ

و سلامتی نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جو آقا کہ عزیز تر۔ عظیم تر

الْاَعْلٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

اور انتہائی بلند شان ہیں۔ اے اللہ رحمت و سلامتی نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدِ ۨالْاَعَزِّ الْاَكْرَمِ وَاَكْرَمِ النَّاسِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

جو آقا کہ انتہائی عزیز و کریم ہیں اور سب لوگوں سے زیادہ عزت والے۔ اے اللہ رحمت وسلامتی نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ اَفْصَحِ الْعَرَبِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى

محمّد پر جو محبوب کہ سب اہل عرب سے فصیح تر ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلامتی نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَكْثَرِ النَّاسِ تَبَعًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

کی آل پر جو آقا کہ سب سے زیادہ متبعین والے ہیں۔ اے اللہ رحمت و سلامتی نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَكْرَمِ وُلْدِ اٰدَمَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

محمّد پر اور آپ کی آل پر جو آقا تمام اولاد آدم سے بزرگ تر۔ اے اللہ رحمت وسلامتی نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِحُرْمَةِ الٓمّٓ ۚ الٓمّٓرٰ ۚ

فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر بطفیل حرمت الٓمٓ ۝ الٓمّٓرٰ ۝

الٓمّٓصٓ ۚ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

الٓمّٓصٓ ۝ کے۔ اے اللہ رحمت و سلامتی نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ ۨالْاُمَّةِ الْاَمْجَدِ الْاُمِّيِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

پر جو محبوب (تنہا پوری) اُمّت ہیں اور بہت بزرگ مخلوق سے نہیں پڑھے اور ام القریٰ (مکہ) والے ہیں۔ اے اللہ رحمت وسلامتی نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالْاَلْمَعِيِّ الْاِمَامِ الْاَمِيْنِ اَللّٰهُمَّ

سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ روشن دماغ اور قابل اعتماد امام ہیں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالْاَمَنَةِ

رحمت و سلامتی نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جو آقا کہ سراپا امان ہیں

وَاَمَنَةِ اَصْحَابِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اور اپنے اصحاب کیلئے بھی امان ہیں۔ اے اللہ رحمت و سلامتی نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَنْفَسِ الْعَرَبِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

آل پر جو تمام اہل عرب سے نفیس تر ہیں۔ اے اللہ رحمت و سلامتی نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالْاَنْوَرِ الْاَوَّاهِ الْاَوْسَطِ اَللّٰهُمَّ

محمّد پر اور آپ کی آل پر جو بہت نورانی۔ بہت زاری کرنے والے اور بہت فضیلت والے ہیں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوْفَى

رحمت و سلامتی نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جو سب سے زیادہ ذمہ داریوں کو

النَّاسِ ذِمَامًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

نبھانے والے ہیں۔ اے اللہ رحمت و سلامتی نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدٍ الْاَوْلٰی الْاَوَّلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی

جو قریب تر ہیں (ہر امتی کیلئے اس کی جان سے) اور سب مخلوق سے اول ہیں۔ اے اللہ رحمت وسلامتی نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ شَافِعٍ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْتَغْفِرُكَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ

آل پر جو سب سے پہلے شفاعت کرنے والے ہیں۔ اے اللہ بے شک میں تجھ سے استغفار کرتا ہوں ہر اس گناہ سے

قَوِیَ عَلَیْهِ بَدَنِیْ بِعَافِیَتِكَ وَنَالَتْهُ قُدْرَتِیْ بِفَضْلِ نِعْمَتِكَ

کہ قوت پائی اس پر میرے بدن نے بسبب تیری عافیت کے۔ اور پا لیا اس کو میری قدرت نے تیری وافر نعمتوں کی وجہ سے

وَانْبَسَطَتْ اِلَیْهِ یَدِیْ بِسَعَةِ رِزْقِكَ وَاحْتَجَبْتُ عَنِ النَّاسِ

اور کشادہ ہوا اس کی طرف میرا ہاتھ تیرے رزق کی فراخی سے اور پردے میں رہا میں لوگوں سے بسبب

بِسِتْرِكَ وَاتَّكَلْتُ فِیْهِ عِنْدَ خَوْفِیْ مِنْكَ عَلٰٓی اَمَانِكَ وَوَثِقْتُ

تیری پردہ پوشی کے۔ اور اعتماد کیا میں نے تیرے خوف کے وقت تیری امان پر اور بھروسہ کیا میں نے

مِنْ سَطْوَتِكَ عَلَیَّ بِحِلْمِكَ وَعَوَّلْتُ فِیْهِ عَلٰی كَرَمِ وَجْهِكَ وَ

تیرے غلبہ وقہر سے تیری بردباری پر اور اعتماد کیا میں نے تیری ذات کے کرم اور

عَفْوِكَ وَمِنْ كُلِّ ذَنْبٍ یَّدْعُوْٓ اِلٰی غَضَبِكَ اَوْ یُدْنِیْ مِنْ سَخَطِكَ

عفو پر۔ اور (استغفار کرتا ہوں) ہر گناہ سے جو سبب ہو تیرے غضب کا، یا تیری ناراضگی کے قریب کرے۔

وَیَمِیْلُ بِیْٓ اِلٰی مَا نَهَیْتَنِیْ عَنْهُ وَیُبَاعِدُنِیْ عَمَّا دَعَوْتَنِیْٓ اِلَیْهِ

اور مائل کرے مجھے طرف تیرے ممنوع امور کے۔ اور بعید کرے مجھے تیرے مامور افعال سے۔ اور مغفرت چاہتا ہوں

وَمِنْ كُلِّ ذَنْبٍ اَسْلَمْتُ اِلَیْهِ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ بِغَوَایَتِیْٓ اَوْ

ہر اس گناہ سے کہ جس کے حوالے کیا میں نے کسی کو تیری مخلوق سے بسبب اپنی گمراہی کے یا

خَدَعْتُهٗ بِحِیْلَتِیْ فَعَلَّمْتُهٗ مِنْهُ مَا جَهِلَ وَزَیَّنْتُهٗ لَهٗ مَا قَدْ عَلِمَ

دھوکہ دیا میں نے اسے اپنی حیلہ گری سے پس سکھلایا میں نے اس کو جس سے وہ جاہل تھا اور مزین کیا اس کیلئے جو اسے معلوم تھا

وَلَقِیْتُكَ غَدًا بِاَوْزَارِیْ وَاَوْزَارٍ مَّعَ اَوْزَارِیْ وَمِنْ كُلِّ ذَنْبٍ

اور ملاقات کروں کل تیری اپنے گناہوں کے ساتھ اور دوسروں کے گناہوں کے ساتھ بمع اپنے گناہوں کے۔ اور (مغفرت طلب کرتا ہوں) اس گناہ سے

یَدْعُوْٓ اِلَی الْغَیِّ وَیُضِلُّ عَنِ الرُّشْدِ وَیُقِلُّ الْوَفْرَ وَیَمْحَقُ التَّالِدَ

جو بلائے طرف گمراہی کے اور بھٹکائے بھلائی سے۔ اور کم کرے منفعت اور فائدہ کو اور نیست ونابود کرے موروثی مال وترکہ

وَیُخْمِلُ الذِّكْرَ وَیُقِلُّ الْعَدَدَ فَصَلِّ یَا رَبِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

کو۔ اور ذکر کو اٹھا دے۔ اور افراد کو کم کر دے۔ پس درود بھیج۔ اے میرے رب اور سلام سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا مُنْكَرَاتِ الْاَعْمَالِ وَالْاَخْلَاقِ

اور آپ کی آل پر۔ اے اللہ ہمیں دور رکھ برے اعمال و اخلاق سے

وَالْاَهْوَآءِ وَالْاَدْوَآءِ اَللّٰهُمَّ اهْدِنَا مِنْ عِنْدِكَ وَاَفِضْ عَلَیْنَا مِنْ

اور خواہشات نفس اور بیماریوں سے۔ اے اللہ ہمیں اپنی طرف سے مخصوص ہدایت عطا فرما۔ اور ہم پر

فَضْلِكَ وَانْشُرْ عَلَیْنَا مِنْ رَّحْمَتِكَ وَاَنْزِلْ عَلَیْنَا مِنْ بَرَكَاتِكَ

اپنا فضل خاص فرما۔ اور ہم پر اپنی رحمت خاص پھیلا اور اپنی برکات نازل فرما

وَنَجِّنَا مِنْ عَذَابِكَ وَجَنِّبْنَا مِنْ سَخَطِكَ وَلَا تُنْسِنَا ذِكْرَكَ وَ

اور اپنے عذاب سے نجات دے۔ اور دور رکھ ہمیں اپنی ناراضگی سے۔ اور نہ بھولنے دے ہمیں اپنا ذکر اور

اذْكُرْ رَّبَّكَ اِذَا نَسِیْتَ وَقُلْ عَسٰٓی اَنْ یَّهْدِیَنِ رَبِّیْ لِاَقْرَبَ

یاد کر اپنے رب کو جب بھول جائے اور کہو قریب ہے کہ مجھے میرا رب ہدایت دے تاکہ قریب ہو جاؤں میں

مِنْ هٰذَا رَشَدًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی

اس کے از روئے بھلائی کے۔ اے اللہ رحمت و سلامتی نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ الرُّسُلِ وَالْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُسْلِمِیْنَ اَللّٰهُمَّ

آل پر جو محبوب کہ اول ہیں رسولوں سے (نبوت ورسالت میں)، اور اول ہیں مومنین و مسلمین سے (ایمان واسلام میں) اے

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْاَمَانِ الْبَارِّ

اللہ رحمت و سلامتی نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو آقا سراپا امان ہیں اور نکوکار

الْبَارِ قَلِیْطِ الْبَارِعِ الْبَاسِطِ الْبَاطِنِ الْبَالِغِ وَبَالِغِ الْبَیَانِ الْبَاهِرِ الْبَاهِیِّ

مخلص، یکتا۔ فراخی فرمانے والے۔ مخفی (حقیقت والے) مراد کو پہنچنے والے۔ کامل بیان والے۔ غالب۔ فخر کے قابل

اَلْبَحْرِ الْبَدْءِ الْبَدْرِ الْبَدِيْعِ الْبَشِيْرِ الْبَرْقَطِيْسِ الْبُرْهَانِ الْبَشَرِ وَبُشْرٰی

بحرِ سخا، آغازِ خلق۔ ماہِ تمام۔ انوکھے اور عمدہ۔ بشارتیں سنانے والے، پرقیطس، برہانِ خداوندی، ظاہر جلد والے۔ سراپا

وَبُشْرٰی عِيْسٰی وَالْبَصِيْرِ الْبَلِيْغِ الْبَهَآءِ الْبَهِيِّ الْبَيِّنَةِ الْبَاسِلِ الْبَازِلِ

بشارت۔ بشارتِ عیسٰی۔ اور بصیر، بلیغ، حسن سراپا۔ حسین و جمیل۔ سراپا دلیل۔ قوی و توانا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ التَّالِی

اے اللہ رحمت و سلامتی نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جو آقا (کتاب اللہ کی) تلاوت فرمانے والے

التَّذْكِرَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا

ہیں اور سراپا نصیحت ہیں۔ اے اللہ رحمت و سلامتی نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی

مُحَمَّدِنِ التَّقِيِّ التَّلْقِيْطِ التَّنْزِيْلِ التِّهَامِيِّ التَّابِعِ الْجَامِعِ الْجَبَّارِ

آل پر جو آقا متقی، سراپا رفعت سربلندی۔ مجسم تنزیل۔ تہامہ والے۔ اتباع (حق) والے۔ جمع کرنے والے۔ ٹوٹے ہوؤں کو جوڑنے والے

الْجَلِيْلِ الْحَدِّ الْجَوَادِ الْجَهْظَمِ الْخَاتِمِ الْحَاشِرِ الْحَافِظِ الْحَامِدِ يَا

جلالت والے۔ حق و باطل کی حد فاصل۔ صاحبِ جود۔ آخری نبی۔ صاحبِ حشر۔ حافظ۔ حامد۔ اے

مَنْ هُوَ بِالْمِرْصَادِ يَدْعُو الْعِبَادَ اِلَی الْمَعَادِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

وہ ذات جو تاک میں ہے بلاتا ہے بندوں کو بازگشت کے مقام کی طرف۔ اے اللہ رحمت و سلامتی نازل فرما

عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَاطٍ حَاطٍ وَّحَنْبَطَا وَ

سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ حاط حاط اور حنبطا ہیں اور

حَامِی الْحَبِيْبِ اِلَی الْحَبِيْبِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

پناہ میں دینے والے ہیں دوستوں کے۔ طرف دوست کے۔ اے اللہ رحمت و سلامتی نازل فرما سیّدنا محمّد پر

وَّعَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْحِجَازِيِّ الْحَرَمِيِّ الْحَرِيْصِ الْحُجَّةِ الْبَالِغَةِ

اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ صاحبِ حجاز اور صاحبِ حرم ہیں (امّت کی ہدایت پر) حریص ہیں۔ کامل حجت و

وَحُجَّتِهٖ عَلَی الْخَلَآئِقِ وَحَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ

